مملکتی وزیر جناب وی مرلی دھرن نے ریو ڈی جینرو میں منعقدہ جی20 وزراء خارجہ کے اجلاس میں کی شرکت

23 فروری، 2024

مملکتی وزیر خارجہ اور پارلیمانی امور کی وزیر جناب وی مرلی دھرن نے برازیل کی صدارت میں مورخہ 21-22 فروری، 2024 کو ریو ڈی جنیرو میں منعقدہ جی 20 وزراء خارجہ کے اجلاس میں شرکت کی۔ جی20 ممبران کے وزرائے خارجہ اور وفود کے سربراہان، مدعو ممالک اور بین الاقوامی تنظیموں نے ایف ایم ایم میں شرکت کی، جسکی صدارت برازیل کے وزیر خارجہ مسٹر مورو ویرا نے کی۔

مورخہ 21 فروری 2024 کو ایف ایم ایم کی نشست-I میں "جاری بین الاقوامی تناؤ سے نمٹنے میں جی20 کا کردار" کے موضوع پر مملکتی وزیر خارجہ نے برازیل کی جی20 صدارت کے لیے ہندوستان کی مستقل حمایت کا اظہار کیا اور اس بات کا بھی ذکر کیا کہ چار ترقی پذیر ممالک (انڈونیشیا، ہندوستان، برازیل اور جنوبی افریقہ) یکے بعد دیگرے جی20 صدارت پر فائز رہے ہیں۔ گزشتہ سال جی20 میں افریقی یونین (AU) کی شمولیت کو یاد کرتے ہوئے انہوں نے AU کو اس کے پہلے جی 20ایف ایم ایم میں جی20 کے مستقل رکن کے طور پراستقبال کیا۔

مملکتی وزیر خارجہ نے موجودہ دور میں عالمی سطح پر درپیش چیلنجز کے تعلق سے ایک جامع اور عملی اقدامات پر مبنی ردعمل کی اہمیت پر زور دیا، جس کا گلوبل ساؤتھ پر غیر متناسب اثر پڑتا ہے۔ انہوں نے جی20 نئی دہلی لیڈرز ڈیکلریشن (NDLD) میں حاصل کردہ قیمتی اتفاق رائےکو یاد کرتے ہوئے جی20 ممالک پر زور دیا کہ وہ ترقی سے متعلق مسائل پر اپنی توجہ برقرار رکھے اور NDLD کے تمام متفقہ فیصلوں اور نتائج پر ہوئی پیش رفت میں مزید تیزی لائے۔

مورخہ 22 فروری 2024 کو "گلوبل گورننس ریفارم" کے موضوع پرنشست-II میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے مملکتی وزیر نے اس بات کو نوٹ کیا کہ 20 ویں صدی میں موجودہ کثیرالجہتی گورننس فن تعمیر کی تخلیق کے بعد سے عالمی نظام میں ڈرامائی تبدیلیاں آئی ہیں، اور اہم عالمی اداروں کے ڈھانچے اور کام کرنے کے طریقوں میں تبدیلی لانے کی اہمیت ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ انہیں عصری چیلنجز کے مطابق زیادہ جوابدہ بنایا جا سکے۔ اس بات کی یاد دہانی کراتے ہوئے کہ جی20 رہنماؤں نے، NDLD میں، بہتر، زیادہ موثر اور زیادہ نمائندگی والے کثیر جہتی ترقیاتی بینکوں (MDBs) کی فراہمی پر اتفاق کیا تھا، انہوں نے تیزی سے ترقی کرتی SDGs اور موسمیاتی کارروائی کو قابل بنانے کے لیے مالیاتی بہاؤ میں مزید تیزی لانے پر زور دیا۔ انہوں نے کھلا، شفاف نتائج پر مبنی اقوام متحدہ کے ریفارم کے طریقہ کار بشمول اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ایک مقررہ وقت میں ریفارم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ ہندوستان ایسی پالیسیوں کی وکالت کرتا ہے جو تجارت اور سرمایہ کاری کو سب کے لیے ترقی اور خوشحالی کے انجن کے طور پر کام کرنے کے قابل بناتا ہو۔

مملکتی وزیر خارجہ نے 21 فروری کو برازیل کے وزیر خارجہ اور ریو کے میئر کی طرف سے مشترکہ طور پر دیے گئے سرکاری عشائیہ میں بھی شرکت کی، ساتھ ہی ساتھ برازیل کے وزیر خارجہ کی طرف سے 22 فروری کو دورہ کرنے والے جی20 وزرائے خارجہ اور وفود کے سربراہان کے لیے اہتمام کردہ الوداعیہ ظہرانے میں بھی شامل ہوئے۔ مملکتی وزیر خارجہ نے ایف ایم ایم کے موقع پر شامل کئی وزراء خارجہ کے ساتھ بات چیت کی، انہوں نے یوروگوئے کے وزیر خارجہ انجینئر عمر پگانینی سے ملاقات کی اس کے علاوہ انہوں نے ریو میں مقامی ہندوستانی کمیونٹی کے اراکین سے بھی روبرو ہوئے۔

ایف ایم ایم کے بعد مملکتی وزیر خارجہ نے ہندوستان-برازیل- جنوبی افریقہ کے وزراء خارجہ سے 22 فروری کو ملاقات کی۔ اس کے لیے دو نشستوں کا انعقاد ایک "آئی بی ایس اے: تناظر اور ادارہ جاتی ترقی" اور دوسرا "جی 20" پر منعقد کی

گئی۔ آئی بی ایس اے کے وزراء نے آئی بی ایس اے کی یکجہتی اور ہم آہنگی کی اہمیت پر زور دیا، ساتھ ہی مشترکہ مفاد کے شعبوں میں فعال تعاون کو فروغ دینے کی ضرورت پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی
23 فروری، 2024